4719CH03



# آموں کی فرمائش


نامہ نہ کوئی یار کا پیغام بھیجیے
اس فصل میں جو بھیجیے بس آم بھیجیے

ایسے ضرور ہوں کہ انھیں رکھ کے کھا سکوں
پختہ اگر ہوں بیس تو دس خام بھیجیے

معلوم ہی ہے آپ کو بندے کا ایڈریس
سیدھے الہ آباد مرے نام بھیجیے

ایسا نہ ہو کہ آپ یہ لکھیں جواب میں
تعمیل ہوگی، پہلے مگر دام بھیجیے

اکبرالہ آبادی



© NCERT not to be republished

## سوالات

1۔ شاعر اس نظم میں کس چیز کی فرمائش کر رہا ہے؟

2۔ ''تعمیل ہوگی، پہلے مگر دام بھیجیے'' کا مطلب اپنے لفظوں میں لکھیے۔

3۔ شاعر نے پختہ (پکّے) آموں کے ساتھ چند خام (کچّے) آموں کی فرمائش کیوں کی ہے؟

4۔ مختلف آموں کی تصویریں بنا کر ان میں رنگ بھریے۔

© NCERT not to be republished